رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث الشریف+علوم الحدیث**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: جس حدیث کی انتہاء صحابی پر ہو اسے کہا جاتا ہے۔

(الف) مرفوع (ب) موقوف (ج) مقطوع (د) مرسل

سوال نمبر 2: امام طحاوی کی کتاب جو احادیث نبویہ اور آثار صحابہ کے بیان پر مشتمل ہے اس کا نام ہے۔

(الف) تہذیب الآثار (ب) شرح معانی الآثار (ج) احکام القرآن (د) آثار السنن

سوال نمبر 3: صحابی کوئی ایسا کام کرے جس میں اجتہاد کی گنجائش نہ ہو وہ رفع کی کونسی قسم کہلاتی ہے؟

(الف) قولی صریح (ب) فعلی صریح (ج) فعلی حکمی (د) تقریری حکمی

سوال نمبر 4: اگر راوی تابعی کے بعد ساقط ہو تو اس حدیث کو کہتے ہیں۔

(الف) منقطع (ب) معلق (ج) مرسل (د) متصل

سوال نمبر 5: "إن كان السقوط من اثناء الاسناد فان كان الساقط اثنين متواليا يسمى۔۔۔"

(الف) منقطع (ب) معضل (ج) مرسل (د) مدلس

سوال نمبر 6: راوی نے اپنے جس شیخ سے حدیث سنی اس کا نام ذکر نہ کرے بلکہ اس کے مافوق سے روایت کرے تو ایسی حدیث کو کہا جاتا ہے۔

(الف) مضطرب (ب) متابع (ج) مدلس (د) معنعن

سوال نمبر 7: "رواه ضعيف مخالف لمن هو اضعف منه" یہ تعریف ہے حدیث۔۔۔ کی۔

(الف) معروف (ب) محفوظ (ج) شاذ (د) منکر

سوال نمبر 8: جو ملکہ انسان کو تقویٰ اختیار کرنے پر ابھارتا ہے اسے کہتے ہیں۔

(الف) ضبط (ب) مروءت (ج) عدالت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: عدالت سے متعلقہ وجوہ طعن کی تعداد ہے۔

(الف) سات (ب) چار (ج) پانچ (د) آٹھ

سوال نمبر 10: جس راوی پر کذب کا طعن ہو اس کی حدیث کا نام ہے۔

(الف) موضوع (ب) موقوف (ج) متروک (د) ضعیف

سوال نمبر 11: اگر حدیثِ صحیح کا راوی ایک ہو تو اسے کہا جاتا ہے

(الف) عزیز (ب) مشہور (ج) غریب (د) شاذ

سوال نمبر 12: حدیث عزیز میں راویوں کی تعداد ہوتی ہے

(الف) تین (ب) دو (ج) ایک (د) لاتعداد

سوال نمبر13: حدیثِ غریب کا دوسرا نام ہے

(الف) مشہور (ب) فرد (ج) غیر شاذ (د) ضعیف

سوال نمبر14: مشرکین کی اولاد مرنے کے بعد کہاں جائے گی؟ مشکوۃ کی حدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

(الف) جنت میں (ب) دوزخ میں (ج) جنت ودوزخ کے درمیان (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: اللہ نے سب سے پہلے پیدا کیا۔

(الف) لوح کو (ب) قلم کو (ج) آدم علیہ السلام کو (د) فرشتوں کو

سوال نمبر16: تقدیر کے منکر کے لیے حدیث پاک میں عذاب بیان کیا گیا ہے۔

(الف) پتھر برسنے کا (ب) قحط میں مبتلا ہونے کا (ج) زمین میں دھنسنے کا (د) تیز آندھی آنے کا

سوال نمبر17: "إن مرضوا فلا تعودهم وإن ماتوا فلا تشهدوهم" یہ حکم ہے۔

(الف) عیسائیوں کے بارے میں (ب) مشرکین کے بارے میں (ج) قدریہ کے بارے میں (د) ذمی کافروں کے بارے میں

سوال نمبر18: حدیث پاک میں لفظ "الوائدة" کا کیا معنی ہے؟

(الف) مردے کو دفن کرنا (ب) مردے کو نہلانا (ج) زندہ بچے کو دفن کرنے والی (د) مردہ بچہ

سوال نمبر19: "وأن ترى الحفاة العراة العالة رعاء الشاء" حدیث پاک میں مذکور یہ کس کی نشانی بتائی گئی ہے؟

(الف) عذاب کی (ب) قرب قیامت کی (ج) شدید گرمی کی (د) نور کی

سوال نمبر20: حضرت آدم علیہ السلام کے سوال پر حضرت داؤد علیہ السلام کی کتنی عمر بیان کی گئی؟

(الف) 50 سال (ب) 60 سال (ج) 45 سال (د) 63 سال

سوال نمبر21: حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی عمر کے کتنے سال حضرت داؤد علیہ السلام کو دیئے؟

(الف) 10 سال (ب) 15 سال (ج) 40 سال (د) 60 سال

سوال نمبر22: قال: "أن تؤمن بالله وملائكته وكتبه ورسله" حدیث پاک میں یہ معنی کس کا بیان کیا گیا ہے؟

(الف) اسلام کا (ب) ایمان کا (ج) احسان کا (د) ساعت کا

سوال نمبر23: اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے؟

(الف) تین (ب) چھ (ج) پانچ (د) سات

سوال نمبر24: ایمان کی اعلی درجے کی شاخ کون سی ہے؟

(الف) إماطة الأذى عن الطريق (ب) الحياء (ج) قول لا اله الا الله (د) الصلاة

سوال نمبر25: "من صلى صلاتنا واستقبل قبلتنا وأكل ذبيحتنا" حدیث پاک میں یہ کس کی صفت بیان کی گئی ہے؟

(الف) مسلم کی (ب) کتابی کی (ج) غلام کی (د) آزاد کی